# الأذكارُ المُحَمَّدِيَّةُ

## ورد برائے حفاظت

از

## جادو، جنات، بندش و دیگر شرور

من کلام

سید الاولین والآخرین

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

الاهداء سید الاولیاء سیدنا عبد العزیز الدباغ فاس مغرب ۱۱۳۱ھ


زاوية الطريقة المحمدية

گاؤں حقیقہ۔ تحصیل وڈا کخانہ کھاریاں۔ ضلع گجرات

MUHAMMADIYAH HOUSE OF WISDOM

33 Ridling Lane, Hyde, Cheshire, UK SK 14 INP

(+44) 0161 351 1975 (+44) - 7796633550

بسم اللہ الرحمن الرحیم


| فہرست | صفحہ نمبر |
|---|---|
| صبح وشام کے مسنون اذکار | 12 - 2 |
| صرف صبح کی دعائیں | 13 |
| صرف شام کی دعائیں | 14 |
| فرض نماز کے بعد کے مسنون اذکار | 15 |
| صلوٰۃ الاستخارہ | 16 |
| صلوٰۃ الحاجات | 17 |
| گمشدہ چیز کے لیے دُعا | 17 |
| مال اور رزق کی برکت کیلئے اعمال | 18 |
| عشاء کے بعد اور تہجّد کے وقت کے اذکار | 18 |
| تین مبارک تسبیحات | 20 |
| عظیم تسبیحات | 24-21 |
| پریشانیوں کا حل | 25 |
| رزق کی فراوانی کا وظیفہ | 25 |
| ہر مرض کی دُعا | 25 |
| روحانی اور باطنی ترقی کے لیے وظیفہ | 28-26 |

# صبح و شام کے مسنون اذکار اور دعائیں

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا أَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اے میرے مالک اپنے محبوب پر ہمیشہ ہمیشہ درود اور سلام بھیج جو تمام مخلوق میں افضل و برتر ہیں

**درود ابراہیمی** — **دس مرتبہ پڑھیں**

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی

اے اللہ! بھیج درود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر جس طرح کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اور آپ علیہ السلام کی آل پر، بے شک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! بھیج برکت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر جیسا کہ تو نے برکت بھیجی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آپ علیہ السلام کی آل پر، بے شک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے

**فضیلت** سورۃ الفاتحہ اور اس کے بعد سورۃ البقرہ کی نیچے لکھی ہوئی آیات پڑھنے والے اور اس کے گھر کی شیطان و جنات سے حفاظت ہوگی۔ ان شاءاللہ (دارمی)

**سورۃ الفاتحہ** — **ایک مرتبہ پڑھیں**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾

سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا۔ بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا۔ مالک ہے روز جزاء کا

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۵﴾

تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ چلا ہم کو سیدھے راستہ پر

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ﴿۶﴾ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

راستہ ان کا جن پر تو نے انعام فرمایا، نہ کہ ان کا راستہ جن پر غضب ہوا اور نہ گمراہوں کا

سورۃ البقرۃ کی پہلی پانچ آیات | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | ایک مرتبہ پڑھیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۛۚ فِيۡهِ ۛۚ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۲﴾ الَّذِيۡنَ

الف لام میم ۔یہ ذی شان کتاب ذرا شک نہیں اس میں، یہ ہدایت ہے پرہیز گاروں کیلئے

يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾

وہ جو ایمان لائے ہیں غیب پر، صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز اور اس سے جو ہم نے انہیں روزی دی خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ وَبِالۡاٰخِرَةِ

اور وہ جو ایمان لائے ہیں اس پر جو اتارا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور جو اتارا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے

هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں۔وہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب (کی توفیق) سے اور وہی دونوں جہانوں

الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾

میں کامیاب ہیں۔

سورۃ البقرۃ آیت نمبر 255 تا 257 | ایک مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا

اللہ (وہ ہے کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے اس کے، زندہ ہے سب کو زندہ رکھنے والا ہے، نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند،

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے کون ہے جو سفارش کر سکے اس کے پاس بغیر اس کی اجازت کے

يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ

جانتا ہے جو ان سے پہلے (ہو چکا) ہے اور جو ان کے بعد (ہونے والا ہے) اور وہ نہیں گھیر سکتے چیز کو اس کے علم سے مگر

عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـُٔوۡدُهٗ

جتنا وہ چاہے ،سما رکھا اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو اور نہیں تھکاتی زمین وآسمان کی حفاظت اسے

حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۲۵۵﴾ لَاۤ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قف قَدْ تَّبَيَّنَ

اور وہی ہے سب سے بلند عظمت والا،کوئی زبردستی نہیں ہے دین میں بے شک خوب واضح ہوگئی ہے ہدایت گمراہی سے

الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ ۚ فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَيُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ

تو جو انکار کرے شیطان کا اور ایمان لائے اللہ کے ساتھ تو اس نے پکڑ لیا مضبوط حلقہ

اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۵۶﴾

جو ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے ۔اللہ مددگار ہے ایمان والوں کا

اَللّٰهُ وَلِىُّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ يُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ؕ وَالَّذِيۡنَ

نکال لے جاتا ہے انہیں اندھیروں سے نور کی طرف اور جنھوں نے کفر کیا ان کے ساتھی

كَفَرُوۡۤا اَوۡلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ يُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ

شیطان ہیں نکال لے جاتے ہیں انہیں نور سے اندھیروں کی طرف یہی لوگ

اُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۵۷﴾

دوزخی ہیں وہ ہمیشہ اس میں رہنے والے ہیں۔

**سورۃ البقرۃ کی 284 سے 286 آیت تک** — **ایک مرتبہ پڑھیں**

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَاِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ

اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اگر تم ظاہر کرو جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے

اَوۡ تُخۡفُوۡهُ يُحَاسِبۡكُمۡ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَـغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ

یا تم اسے چھپائے رہو،حساب لے گا تم سے اس کا اللہ تعالیٰ پھر بخش دے گا جسے چاہے گا اور عذاب دے گا جسے چاہے گا

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (۲۸۴) اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ایمان لے آئے یہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس کتاب پر جو اتاری گئی ان کی طرف ان کے رب کی طرف سے

رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ قف

اور ایمان لائے مومن یہ سب دل سے مانتے ہیں اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے رسولوں کو (نیز کہتے ہیں) ہم

لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۗ

فرق نہیں کرتے کسی میں اس کے رسولوں سے اور انہوں نے کہا کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی ہم طالب ہیں تیری بخشش کے اے

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ (۲۸۵) لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ

ہمارے رب! اور تیری طرف ہی ہمیں لوٹنا ہے۔ ذمہ داری نہیں ڈالتا اللہ تعالیٰ کسی شخص پر مگر جتنی طاقت ہو اس کی اس کو اجر ملے گا

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ

جو (نیک عمل) اس نے کیا اور اس پر وبال ہوگا جو (برا عمل) اس نے کمایا اے ہمارے رب! نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا خطا کر بیٹھیں اے

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ

ہمارے رب! نہ ڈال ہم پر بھاری بوجھ جیسے تو نے ڈالا تھا ان پر جو ہم سے پہلے گزرے ہیں

مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة

اے ہمارے پروردگار! نہ ڈال ہم پر وہ بوجھ جس کے اٹھانے کی ہم میں قوت نہیں اور درگزر فرما

وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

ہم سے اور بخش دے ہم کو اور رحم فرما ہم پر تو ہی ہمارا دوست اور (مددگار) ہے تو مدد فرما ہماری ،

الْكٰفِرِیْنَ (۲۸۶) ع

قوم کفار پر۔

**فضیلت** دنیا اور آخرت کی فکر و پریشانیاں دور ہوں گی۔ اِن شاءاللہ (ابن السنی) **سات مرتبہ پڑھیں**

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

کافی ہے مجھے اللہ ،کوئی معبود نہیں بجز اس کے، اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے

الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع سورۃ التوبۃ آیت نمبر 129

وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

**فضیلت** رات دن کے وظائف کی کمی پوری ہوگی۔ اِن شاءاللہ **تین مرتبہ پڑھیں**

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿١٧﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي

سو ! پاکی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔اور اسی کیلئے ساری تعریفیں ہیں آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿١٨﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

اور زمین میں نیز (پاکی بیان کرو) سہ پہر کو اور جب تم دوپہر کرتے ہو۔ نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے

الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد اور

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١٩﴾ ع سورۃ الروم: آیت نمبر 17 تا 19

یونہی (قبروں سے) تمہیں نکالا جائیگا۔

**فضیلت** ستر ہزار فرشتے پڑھنے والے کے لیے دعا کریں گے۔ ان شاء اللہ **تین مرتبہ پڑھیں**

أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ ○

اللہ سے پناہ مانگتا ہوں میں جو سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے شیطان مردود کے (شر) سے بچنے کے لیے ○

**سورۃ الحشر آیت 22 تا 24** **ایک مرتبہ پڑھیں**

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ

اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جاننے والا ہر چھپی ہوئی اور ظاہر چیز کا

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ﴿٢٢﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وہی بہت مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں سب کا بادشاہ، نہایت

الْقُدُّوسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۗ

مقدس، سلامت رکھنے والا، امان بخشنے، والا نگہبان، عزت والا، ٹوٹے دلوں کو جوڑنے، والا متکبّر (بڑائی والا) ہے،

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

پاک ہے اللہ تعالیٰ اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہی اللہ سب کا خالق سب کو پیدا کرنے والا (سب کی مناسب

لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۗ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ

صورت بنانے والا ہے سارے خوبصورت نام اسی کے ہیں اس کی تسبیح کررہے ہیں جو آسمانوں

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٤﴾

اور زمین میں ہیں وہی عزت والا حکمت والا ہے۔

**فضیلت** مال، جان، عزت، جادو اور حاسدین کے شر سے حفاظت ہو گی۔

سورۃ اخلاص 100 مرتبہ پڑھنے سے 50 سال کے گناہ معاف ہوں گے بشرطیکہ چار کبیرہ گناہوں سے بچے۔

1-زنا 2-قتل 3-شراب 4-حرام مال

تین مرتبہ پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ‏ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ‏ ﴿۲﴾ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ‏ ﴿۳﴾

(آپ صلی اللہ علیہ وسلم) فرما دیجئے وہ اللہ ہے یکتا۔ اللہ صمد بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنا ہے، اور نہ وہ جنا گیا

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ‏﴿۴﴾

اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

تین مرتبہ پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ‏ ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ‏ ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی ○ ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا ○ اور (خصوصاً) رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ چھا جائے ○

وَقَبَ ۙ‏ ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ۙ‏ ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

اور ان کے شر سے جو پھونک مارتی ہیں گرہوں میں ○ اور (میں پناہ مانگتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے ○

تین مرتبہ پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ‏ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ‏ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ‏ ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ

(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی ○ سب انسانوں کے بادشاہ کی ○ سب انسانوں کے معبود کی ○ بار بار وسوسہ ڈالنے والے،

الۡخَنَّاسِ ۖ‏ ﴿۴﴾ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ‏ ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے ○ جو وسوسہ ڈالتا رہتا ہے لوگوں کے دلوں میں، خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے ○

**فضیلت** روز قیامت اللہ تعالیٰ کی رضا نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ (ابوداؤد، ترمذی) **تین مرتبہ پڑھیں**

رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَّبِيًّا ۝

اللہ کو رب، اسلام کو دین اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی میں نے مان لیا اور میں اس پر راضی ہوں۔

**فضیلت** اس دن کوئی بڑی مصیبت، حادثہ اور بیماری نہ لگے گی۔ ان شاء اللہ (ابوداؤد، ابن حبان) **تین مرتبہ پڑھیں**

بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان کی کوئی چیز تکلیف نہیں پہنچا سکتی اور وہ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔

**فضیلت** دنیا اور آخرت کی نعمتوں میں اضافہ ہوگا، اور پردہ پوشی نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ (ابوداؤد، ترمذی) **تین مرتبہ پڑھیں**

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت (امن چین راحت سلامتی سکون) مانگتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ

اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ط اَللّٰهُمَّ

سے معافی مانگتا ہوں اور اپنے دین اور دنیا میں اپنے اہل وعیال اور مال میں عافیت وسلامتی چاہتا ہوں، اے اللہ! میرے عیبوں

اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ ط اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ

کی پردہ پوشی فرما اور میرے خوف اور پریشانی کو امن وامان سے بدل دے، اے اللہ! آگے سے پیچھے سے دائیں سے بائیں

وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَّمِيْنِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ

اور اوپر سے میری حفاظت فرما، اور میں اس بات سے تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ مجھے اچانک نیچے سے (زمین میں

اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي ٥

دھنسا کر) ہلاک کر دیا جائے۔

فضیلت — اس کا اجر اللہ خود عطا فرمائیں گے، فرشتے اس کو تحریر کرنے سے عاجز ہیں۔ (ابن ماجہ) — تین مرتبہ پڑھیں

يَارَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيْمِ سُلْطَانِكَ ٥

اے میرے رب! تیرے لیے ہی حمد ہے جیسے تیری ذات جلال اور عظیم بادشاہی کے لائق ہے۔

فضیلت — اس کا اجر گھنٹوں کے اذکار کے برابر ہے۔ (مسلم) — تین مرتبہ پڑھیں

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَ رِضَا نَفْسِهٖ

اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور (میں اس کی حمد کرتا ہوں) اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی ذات کی رضا کے مطابق

وَ زِنَةَ عَرْشِهٖ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ٥

اور اسکے عرش کے وزن کے مطابق اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر (اس کی تعریف کرتا ہوں)۔

فضیلت — جسمانی صحت نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ (ابوداؤد) — تین مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي

اے اللہ! مجھے عافیت بخش میرے بدن میں اور میرے کانوں میں عافیت نصیب فرما،

اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ٥

اے اللہ! میری نظر اور نگاہ میں بھی عافیت نصیب فرما تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

ظالم بادشاہ اور جملہ مخلوقات کے شر سے
جان و مال اور عزت کی حفاظت نصیب ہوگی۔ اِن شاءاللہ (ابن السنی)

فضیلت

ایک مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَدِيْنِىْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے نام کی برکت سے اپنے نفس اور اپنے دین کی خیر چاہتا ہوں،

كُلِّ شَىْءٍ اَعْطَانِىْ رَبِّىْ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ

ہر چیز پر اللہ کا نام لیتا ہوں جو میرے رب نے مجھے عطا فرمائی ہے اللہ کے نام کی برکت سے کوئی بیماری نقصان نہیں پہنچا سکتی

اسْمِهٖ دَاءٌ بِسْمِ اللّٰهِ افْتَتَحْتُ وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ

اللہ کے نام سے ابتدا کرتا ہوں اور اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اللہ میرا رب ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔

اَحَدًا اَسْأَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِىْ لَا يُعْطِيْهِ اَحَدٌ غَيْرُكَ،

اے اللہ ! میں تجھ سے خیر کا سوال کرتا ہوں جسے تیرے علاوہ کوئی نہیں دے سکتا

عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط اِجْعَلْنِىْ فِىْ عِيَاذِكَ مِنْ شَرِّ

تیرا پڑوس عزت والا ہے، تیری شان بلند ہے، تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں مجھے اپنی پناہ میں رکھ

كُلِّ سُلْطَانٍ وَّمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَحْتَرِسُ بِكَ مِنْ

ہر بادشاہ کے شر سے اور شیطان کے شر سے اپنی پناہ میں رکھ، اے اللہ ! میں تجھ سے حفاظت کا سوال کرتا ہوں

شَرِّ جَمِيْعِ كُلِّ ذِىْ شَرٍّ خَلَقْتَهٗ، وَاَحْتَرِزُ بِكَ مِنْهُمْ ، وَاُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَىَّ

ہر شر والی چیز کے شر سے حفاظت کا سوال کرتا ہوں اور ان سے تیری (ذات) کی برکت سے بچتا ہوں اور اپنے آگے پیش کرتا ہوں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمادیجئے وہ اللہ ہے یکتا۔ اللہ صمد بے نیاز ہے۔

یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ؑ وَمِنۡ خَلۡفِیۡ مِثۡلَ ذٰلِکَ

نہ اس نے کسی کو جنا ہے اور نہ وہ جنا گیا۔ اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے ۔اور اپنے پیچھے بھی اسی طرح اسے پیش کرتا ہوں

وَعَنۡ یَّمِیۡنِیۡ مِثۡلَ ذٰلِکَ وَعَنۡ یَّسَارِیۡ مِثۡلَ ذٰلِکَ وَمِنۡ فَوۡقِیۡ مِثۡلَ ذٰلِکَ ○

اور اپنے دائیں اور بائیں بھی اور اسی طرح اوپر بھی۔

فضیلت — کوئی زہریلا جانور (سانپ بچھو) نقصان نہیں دے گا۔ اِن شاءاللّٰہ (مسلم) — تین مرتبہ پڑھیں

اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ○

میں اللہ رب العزت کے مکمل کلمات کے ساتھ اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جو اس نے تخلیق کیا

فضیلت — دعائیں قبول ہوں گی اور پڑھنے والے کے وسیلے سے دوسروں کو بھی رزق ملے گا۔ ان شاءاللّٰہ — ستائیس مرتبہ پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنَاتِ ○

اے اللہ بخش دے ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو۔

# صبح کے وقت پڑھنے کی مسنون دعائیں اور اذکار

**فضیلت** تمام دن کی خیر و برکت اور نور عطا ہوگا اور ہر مشکل آسان ہوگی۔ اِن شاءاللہ (ابوداؤد) **تین مرتبہ پڑھیں**

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ خَيْرَ

ہم نے اور تمام ملک نے اللہ (کی عبادت اور اطاعت) کیلئے صبح کی جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اے اللہ! میں تجھ سے اس دن کی خیر کا

هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ، وَنَصْرَهٗ، وَنُوْرَهٗ، وَبَرَكَتَهٗ ، وَهُدَاهُ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

سوال کرتا ہوں اور اس کی فتح کی اور اس کی نصرت اس کے نور، اس کی برکت اور اس کی ہدایت کا سوال کرتا ہوں اور اس میں جو کچھ شر یا

شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ ؈

جو شر اس کے بعد ہے میں تجھ سے پناہ کا سوال کرتا ہوں۔

**فضیلت** یہ ذکر کرنا گویا تمام دن کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا ہے۔ اِن شاءاللہ **تین مرتبہ پڑھیں**

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا

اے اللہ! جس نعمت نے بھی میرے ساتھ صبح کی یا تیری مخلوق میں سے جس کے ساتھ میں نے صبح کی تو وہ تیرے فضل سے ہے تو اکیلا ہے

شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ ؈

تیرا کوئی شریک نہیں ہے، سب تعریفیں تیرے لیے ہیں اور تیرے لیے شکر ہے۔

**فضیلت** دنیا اور آخرت کی نعمتوں میں اضافہ ہوگا، پردہ پوشی نصیب ہوگی۔ اِن شاءاللہ (ابن السنی) **تین مرتبہ پڑھیں**

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ مِنْكَ فِيْ نِعْمَةٍ وَّعَافِيَةٍ وَّسِتْرٍ فَاَتِمَّ عَلَيَّ

اے اللہ! میں نے تیرے فضل سے نعمت وعافیت اور پردہ پوشی کی نعمت کے ساتھ صبح کی، تو تو اپنی نعمت کو مجھ پر مکمل فرما

نِعْمَتَكَ وَعَافِيَتَكَ وَسِتْرَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؈

اور مجھے کامل عافیت اور کامل دولت پردہ پوشی دنیا میں بھی، اور آخرت میں بھی نصیب فرما۔

# شام کے وقت پڑھنے کی مسنون دعائیں اور اذکار

فضیلت — تمام رات کی خیر و برکت اور نور عطا ہوگا اور ہر مشکل آسان ہوگی۔ اِن شاءاللہ — تین مرتبہ پڑھیں

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَيْرَ

ہم نے اور تمام ملک نے اللہ (کی عبادت اور اطاعت) کے لیے شام کی جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اے اللہ! میں تجھ سے اس رات کی خیر کا سوال کرتا ہوں

هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَ بَرَكَتَهَا وَهُدَاهَا وَاَعُوْذُبِكَ

اور اس کی فتح کی اور اس کی نصرت، اس کے نور، اس کی برکت اور اس کی ہدایت کا سوال کرتا ہوں، اور اس میں جو کچھ شر

مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا وَ شَرِّ مَا بَعْدَهَا ۝

یا جو شر اس کے بعد ہے میں تجھ سے پناہ کا سوال کرتا ہوں

فضیلت — یہ ذکر کرنا گویا تمام رات کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا ہے۔ — تین مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ مَا اَمْسٰى بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا

اے اللہ! جس نعمت نے بھی میرے ساتھ شام کی تو وہ تیرے فضل سے ہے تو اکیلا ہے، نہیں کوئی

شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ ۝

شریک تیرا سب تعریفیں تیرے لیے ہیں اور تیرے لیے شکر ہے۔

فضیلت — دنیا اور آخرت کی نعمتوں میں اضافہ ہوگا، پردہ پوشی نصیب ہوگی۔ — تین مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَمْسَيْتُ مِنْكَ فِيْ نِعْمَةٍ وَّعَافِيَةٍ وَّسِتْرٍ، فَاَتِمَّ عَلَيَّ

اے اللہ! میں نے تیرے فضل سے نعمت و عافیت اور پردہ پوشی کی نعمت کے ساتھ شام کی، تو تو اپنی نعمت کو مجھ پر مکمل فرما

نِعْمَتَكَ وَعَافِيَتَكَ وَسِتْرَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝

اور مجھے کامل عافیت اور کامل دولت پردہ پوشی دنیا میں بھی آخرت میں بھی نصیب فرما۔

# فرض نماز کے بعد کے مسنون اذکار

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایک مرتبہ بلند آواز میں | اَللّٰهُ اَكْبَرُ صحیح البخاری (842) | تین مرتبہ | اَسْتَغْفِرُ اللّٰه سنن ابوداؤد (1513) |

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ

اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ بادشاہت اس کی ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے۔

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ،

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ جسے تو دے اس سے روکنے والا کوئی نہیں اور جسے تو نہ دے اسے دینے والا کوئی نہیں

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ صحیح البخاری (844)

اور کسی مالدار کو اس کی دولت و مال تیری بارگاہ میں کوئی نفع نہ پہنچا سکیں گے۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ صحیح مسلم (1335)

اے اللہ! تو ہی سلام ہے اور سلامتی تیری ہی طرف سے ہے، تو صاحب رفعت و برکت ہے، اے جلال والے اور عزت بخشنے والے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ،

گناہوں سے بچنے کی توفیق اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی سے (ملتی) ہے، اس کے سوا کوئی الہ و معبود نہیں۔ ہم اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں کرتے، ہر طرح کی نعمت اور سارا فضل

وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ صحیح مسلم (1343)

و کرم اسی کا ہے، خوبصورت تعریف کا حقدار بھی وہی ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، ہم اس کے لیے دین میں اخلاص رکھنے والے ہیں، چاہے کافر اس کو (کتنا ہی) ناپسند کریں۔

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ سنن ابی داؤد (1522)

اے اللہ! اپنے ذکر، شکر اور اپنی بہترین عبادت کے سلسلہ میں میری مدد فرما

آیت الکرسی — ایک مرتبہ — نسائی سنن الکبریٰ (9928)، طبرانی (8068)

سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 مرتبہ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 مرتبہ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ 34 مرتبہ — صحیح مسلم (1349)

# صلوٰۃ الاستخارہ

**فضیلت** جب بھی کسی اہم کام کے بارے میں فیصلہ کرنا ہو، اور انسان تذبذب کا شکار ہو کہ کام کرے یا نہ کرے یہ کام دین و دنیا میں انجام کار کے لحاظ سے فائدہ مند ہوگا، یا نقصان دہ، مثلاً: کاروبار، سفر، نکاح وغیرہ تو پھر استخارہ کرنا چاہیے۔

**طریقہ کار** استخارہ کی نیت سے دو رکعت نماز پڑھے اور پھر مکمل توجہ، اور حضوری قلب کے ساتھ درج ذیل دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ

اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے خیر مانگتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے قدرت طلب کرتا

مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ ،

ہوں اور تیرے بڑے فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں، کیونکہ بلاشبہ تجھے قدرت ہے اور مجھے قدرت نہیں اور تو جانتا

وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌلِّیْ

ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کا خوب جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیا

فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ، وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ

اور آخرت میں بہتر ہے تو اس کو میرے مقدر میں فرما اور اسے میرے لیے آسان فرما پھر میرے لئے اس میں برکت

فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ

فرما اور اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میرے دین، دنیا اور آخرت میں شر (اور بُرا) ہے

وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ

تو اس کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے دور فرما اور میرے لئے خیر مقدر فرما جہاں کہیں بھی ہو

كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ۝

(بخاری و سنن اربعۃ عن جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ)

پھر اس پر مجھے راضی فرما۔

## صلوٰۃ الحاجت

**فضیلت** جب کوئی حاجت پیش آئے تو اچھی طرح وضو کر کے مکمل اطمینان و توجہ سے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت کے نفل پڑھیں، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کریں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجیں، پھر یہ دعا پڑھیں۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں جو حلیم اور کریم ہے اللہ (ہر عیب اور نقص سے) پاک ہے جو عرش عظیم کا رب ہے اور سب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ

تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنے والی چیزوں کا اور

مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ

ان چیزوں کا سوال کرتا ہوں جو تیری مغفرت (تیرے فضل و رحمت) کو ضروری کر دیں اور ہر گناہ سے محفوظ رہنے کا سوال کرتا

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ

ہوں اور ہر بھلائی میں اپنا حصہ اور ہر نقصان سے سلامتی چاہتا ہوں، اے وہ ذات جو سب پر رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنے

وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

والی ہے، میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور کوئی رنج و غم دور کئے بغیر اور کوئی ضرورت جو تجھے پسند ہو پوری کئے بغیر نہ چھوڑ۔ (ترمذی، حاکم)

**فضیلت** گم شدہ چیز مل جائے گی۔ ان شاء اللہ (دو رکعت نماز حاجت کے بعد پڑھیں) (بیہقی، طبرانی) **تین مرتبہ پڑھیں**

اَللّٰهُمَّ رَآدَّ الضَّآلَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ

اے اللہ! گمشدہ کے لوٹانے والے اور گمراہ کو راستہ دکھانے والے، لوٹا دیجئے مجھے میرا گمشدہ، اپنی قدرت اور

اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَآلَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ ٥

طاقت سے، سو بے شک یہ آپ ہی کی عطا اور آپ کے فضل سے ہے۔

# مال اور رزق کی برکت کیلئے اعمال

فضیلت

آمدنی کے حرام ذرائع سے بچیں اور اللہ پر بھروسہ کریں
کہ جو مل جائے اسی رزق میں بہتری ہے اور اس پر اللہ کا شکر ادا کریں

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۝

اے اللہ! مجھے حلال رزق دے کر حرام سے بچا دے اور اپنا فضل دے کر اپنے سوا دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

- درود شریف (دُرود ابراہیمی) — دس مرتبہ پڑھیں
- یَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ — اے عزت والوں میں سے سب سے زیادہ عزت والے — سو مرتبہ پڑھیں
- یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ — اے صاحب جلال اور صاحب عزت — سو مرتبہ پڑھیں
- لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ — کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے — سو مرتبہ پڑھیں
- یَارَزَّاقُ — اے (سب کے) روزی رساں — سو مرتبہ پڑھیں
- یَامَجِیْدُ — اے بزرگی والے — سو مرتبہ پڑھیں

## عشاء کے بعد اور تہجد کے وقت کے اذکار

دس مرتبہ پڑھیں

- درود شریف (دُرود ابراہیمی)
- اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

سلام ہو آپ پر اے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔

- لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ — کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے۔
- لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ — کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو تنہا ہے۔

- لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِیْكَ لَهٗ — کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اس کا کوئی شریک نہیں۔

- لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے اللہ کے اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تعریف ہے۔

- لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے اللہ کے اور نہ کسی میں طاقت ہے اور نہ قوت مگر طاقت اور قوت والا اللہ ہے۔

- اَللّٰهُ اَكْبَرُ — اللہ سب سے بڑا ہے

- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ — سب تعریفیں اللہ کیلئے

- سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ — اللہ پاک ہے (ہر عیب سے) اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں۔

- سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ — پاکی اس (اللہ) کی جو حقیقی بادشاہ اور (ہر عیب سے) منزہ و پاک ہے

- اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ — میں معافی چاہتا ہوں اللہ سے

- لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ — کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے اللہ کے

- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِیْقِ الدُّنْیَا وَضِیْقِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ ۝

اے اللہ میں تجھ سے دنیا کی تنگی اور قیامت کے دن کی تنگی سے پناہ مانگتا ہوں۔

- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۝

اے اللہ بخش دے ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو۔

ستائیس مرتبہ پڑھیں

# تین مبارک تسبیحات

دن میں سو، سو مرتبہ

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، زندہ ہے سب کو زندہ رکھنے والا ہے

وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ ○

اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد پر، تیرے بندے اور تیرے رسول، نبی امی پر،

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ○

اور ان کی آل پر، ان کے صحابہ پر اور سلامتی بھیج۔

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ط لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تعریف ہے

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

فضیلت

جو بندہ یہ اذکار و تسبیحات پڑھ لے اور دوسرا بندہ رات دن ذکر کرتا رہے پھر بھی اجر و ثواب میں ان اذکار کو پڑھنے والا بڑھ جائے گا (مفہوم حدیث۔ ابن حبان، طبرانی)

صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔ پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی وسعت کے برابر

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کے برابر

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی وسعت کے برابر

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی مذکور شمار کے برابر،

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کے لیے مذکور وسعت کے برابر

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ

پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی تمام موجودات کے برابر، پاکیزگی اللہ تعالیٰ کی تمام اشیاء کی وسعت کے برابر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی وسعت کے برابر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کے برابر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی وسعت کے برابر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی مذکور شمار کے برابر،

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے مذکور وسعت کے برابر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی تمام موجودات کے برابر، سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی تمام اشیاء کی وسعت کے برابر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ مَا خَلَقَ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْءَ مَا خَلَقَ

بڑائی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔ بڑائی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی وسعت کے برابر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

بڑائی اللہ تعالیٰ کی آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کے برابر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْءَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

بڑائی اللہ تعالیٰ کی جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی وسعت کے برابر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

بڑائی اللہ تعالیٰ کی مذکور شمار کے برابر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْءَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

بڑائی اللہ تعالیٰ کے لیے مذکور وسعت کے برابر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ مِلْءَ کُلِّ شَیْءٍ

بڑائی اللہ تعالیٰ کی تمام موجودات کے برابر، بڑائی اللہ تعالیٰ کی تمام اشیاء کی وسعت کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ مَا خَلَقَ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْءَ مَا خَلَقَ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں مخلوق کی تعداد کے برابر۔کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں مخلوق کی وسعت کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْءَ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی وسعت کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ مَا اَحْصٰی کِتَابُہٗ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مذکور شمار کے برابر،

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْءَ مَا اَحْصٰی کِتَابُہٗ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مذکور وسعت کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، تمام موجودات کے برابر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْءَ کُلِّ شَیْءٍ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہوں، تمام اشیاء کی وسعت کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مخلوق کی تعداد کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مخلوق کی وسعت کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِلْءَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں اس کی وسعت کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مذکور شمار کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِلْءَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، مذکور وسعت کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، تمام موجودات کے برابر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ

نہیں ہے کسی میں طاقت اور قوت سوائے اللہ کے کہتا ہوں، تمام اشیاء کی وسعت کے برابر

## پریشانیوں کا حل

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے متعلق اور اس کی مخلوق کے متعلق نیت میں خلوص پیدا کریں۔

ہر برے کام اور سوچ سے توبہ کریں۔ فرائض کو ادا کریں اور حرام کاموں سے بچیں۔ کسی کو تنگ نہ کریں، نہ دل سے کسی کا برا چاہیں، نہ کسی کے نقصان پر خوش ہوں اور رشتہ داروں اور پڑوسیوں سے اچھا سلوک کریں۔

پھر دو نفل ادا کر کے جب تک مشکل حل نہ ہو، 100 مرتبہ یہ آیت روزانہ تلاوت کریں۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سورۃ التوبہ آیت (129)

مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

## رزق کی فراوانی کا وظیفہ

صبح فجر کے وقت فرضوں سے پہلے یہ وظیفہ ایک 100 مرتبہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ۝

اللہ پاک ہے اور تمام تعریف اسی کے لئے ہے، اللہ پاک ہے جو عظمت والا ہے اور میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں۔ (ابنِ عساکر)

## ہر مرض کی دعاء

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے کہ جس مریض پر سات بار یہ کلمات پڑھے جائیں اسے موت کے سوا ہر بیماری سے شفا مل جاتی ہے۔ (سنن الترمذی حدیث نمبر 2083)

بیمار کے پاس جا کر پہلے کہیں

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

فکر نہ کرو اللہ نے چاہا تو پاک ہو جاؤ گے۔ (صحیح البخاری۔ 3616)

پھر سات مرتبہ یہ کلمات پڑھیں

اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ: اَنْ يَّشْفِيَكَ

میں عظمت والے اللہ اور عرشِ عظیم کے رب سے دعاء کرتا ہوں کہ وہ تمھیں شفاء دے دے

## روحانی اور باطنی ترقی کے لئے طریقہ محمدیہ کے خاص وظائف

فضیلت: جس نے اس طرح ذکر کیا اس نے گویا تمام اذکار پڑھ لئے۔ جس نے یہ درود شریف پڑھا اس نے گویا تمام درود شریف پڑھ لئے اور جس نے ان الفاظ سے مغفرت مانگی اس نے گویا تمام استغفار کی دعائیں پڑھ لیں۔ (الانوار القدسیہ۔ مولف: امام احمد بن ادریس)

تعداد: ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لے یا جتنی تعداد احمد دباغ مقرر فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اُقَدِّمُ اِلَيۡكَ بَيۡنَ يَدَیۡ كُلِّ نَفَسٍ وَّلَمۡحَةٍ وَّطَرۡفَةٍ يَّطۡرِفُ

اے اللہ! میں تیری بارگاہ میں ( آگے لکھے ہوئے وظائف) پیش کرتا ہوں ہر سانس کے ساتھ اور ہر لمحہ میں اور ہر پلک کے

بِهَا اَهۡلُ السَّمٰوٰتِ وَاَهۡلُ الۡاَرۡضِ وَكُلِّ شَیۡءٍ هُوَ فِیۡ عِلۡمِكَ كَائِنٌ اَوۡ

جھپکنے کی تعداد میں اور آسمان والوں اور زمین والوں کی نظروں کے برابر اور ہر وہ چیز جو تیرے علم میں ہونے والی ہے اور جو ہو

قَدۡ كَانَ، اُقَدِّمُ اِلَيۡكَ بَيۡنَ يَدَیۡ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ○

چکی ہے۔ میں تمام کی تمام چیزوں کی تعداد کے برابر تیرے حضور پیش کرتا ہوں۔

## 1۔ ذکر محمدیہ کا وظیفہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ فِیۡ كُلِّ لَمۡحَةٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهٗ

کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر اللہ، محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ ہر لمحہ اور سانس میں اور اتنی تعداد میں

عِلۡمُ اللّٰهِ ○

جتنا اللہ تعالیٰ کے علم کی وسعت ہے۔

## 2۔ اَلصَّلَاةُ الْعَظِيْمِيَّةُ : عظیم درود

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ ، اَلَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظیم ذات کے نور کے واسطے سے جس نے تیرے عظیم عرش

عَرْشِ اللهِ الْعَظِيْمِ ، وَقَامَتْ بِهٖ عَوَالِمُ اللهِ الْعَظِيْمِ ، اَنْ تُصَلِّيَ

کے گوشوں کو بھر دیا ہے، اور جس کی برکت سے تیرے عظیم جہان قائم ہیں،تو رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا

عَلٰى مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ذِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ ، وَعَلٰى اٰلِ نَبِيِّ اللهِ الْعَظِيْمِ ،

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو بڑے مرتبہ والے ہیں اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اتنی مقدار میں جو تیری عظمت کے

بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِ اللهِ الْعَظِيْمِ ، فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا فِيْ

لائق ہو، ہر لمحہ اور ہر سانس میں اتنی تعداد میں جو تیری عظیم ذات کے علم میں ہے

عِلْمِ اللهِ الْعَظِيْمِ ، صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِ اللهِ الْعَظِيْمِ ، تَعْظِيْمًا

ایسی رحمت جو اللہ عظیم کی ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے، یہ آپکے حق کی تعظیم کے لئے ہے، اے ہمارے آقا و مولا

لِحَقِّكَ يَا مَوْلَانَا يَا مُحَمَّدُ يَا ذَا الْخُلُقِ الْعَظِيْمِ ، وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اے عظیم اخلاق والے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیج اور اسی طرح آپ کی آل پر بھی بھیج،

مِثْلَ ذٰلِكَ ، وَاجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ كَمَا جَمَعْتَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ

مجھے اور ان کو جمع فرما دے جس طرح تو نے روح اور نفس کو جمع فرمایا

ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا يَّقْظَةً وَّمَنَامًا وَّاجْعَلْهُ يَا رَبِّ رُوْحًا لِذَاتِيْ مِنْ

ظاہر میں اور باطن میں بیداری میں اور خواب میں اے رب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو میری ذات کے لئے

جَمِيْعِ الْوُجُوْهِ فِي الدُّنْيَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ يَا عَظِيْمُ ٥

سکون وراحت بنادے ہر اعتبار سے دنیا میں آخرت سے پہلے اے عظیم رب۔

## 3۔ اَلْاِسْتِغْفَارُ الْكَبِيْرُ : بخشش ومغفرت کا جامع وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ، غَفَّارَ

میں اس عظیم اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی زندہ ہے اور قائم رکھنے والا ہے،

الذُّنُوْبِ ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنْ جَمِيْعِ الْمَعَاصِىْ

گناہوں کو بخشنے والا، بزرگی اور عزت والا، میں تمام گناہوں سے بخشش کے لئے اسی کی بارگاہ میں رجوع کرتا ہوں

كُلِّهَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ ، وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا وَّخَطَئًا

اور ہر گناہ سے توبہ کرتا ہوں جس کو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر کیا،

ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا ، قَوْلًا وَّ فِعْلًا ، فِىْ جَمِيْعِ حَرَكَاتِىْ وَ سَكَنَاتِىْ وَ

ظاہری طور پر کیا یا باطنی طور کیا، منہ سے کیا یا اعضاء سے کیا تمام حرکات اور سکنات میں،

خَطَرَاتِىْ وَاَنْفَاسِىْ كُلِّهَا دَائِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا ، مِنَ الذَّنْبِ الَّذِىْ

سوچوں اور سانسوں میں اور ان سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے توبہ کرتا ہوں

اَعْلَمُ ، وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِىْ لَآ اَعْلَمُ ، عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهِ الْعِلْمُ وَ

اور ہر گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور ہر اس گناہ سے جس کا مجھے علم نہیں،

اَحْصَاهُ الْكِتَابُ ، وَخَطَّهُ الْقَلَمُ ، وَعَدَدَ مَا اَوْجَدَتْهُ الْقُدْرَةُ وَ

اتنی تعداد جس کا تیرے علم نے احاطہ کیا اور تیری کتاب نے اس کا احاطہ کیا اور قلم نے اس کو لکھا اور اتنی تعداد میں جس کو قدرت

خَصَّصَتْهُ الْاِرَادَةُ ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ ، كَمَا يَنْبَغِىْ لِجَلَالِ وَجْهِ

نے پیدا کیا اور ارادے نے خاص کیا، اور اللہ تعالیٰ کے کلمات کی مقدار کے برابر جس طرح ہمارے رب کریم کی ذات

رَبِّنَا وَجَمَالِهٖ وَكَمَالِهٖ ، وَكَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ٥

کی بزرگی، جمال اور کمال کے لائق ہے اور جیسا میرا رب پسند فرماتا ہے اور خوش ہے

حضور نبی الرؤف الرحیم ﷺ نے اپنی اُمت کو وہ تمام باتیں تعلیم فرمائیں جن میں ان کا نفع ہے اور ساتھ ہی نقصان دہ امور سے حفاظت کا طریقہ بھی تعلیم فرمایا۔

ان انمول تحفوں میں وہ حفاظت و برکت کی دعائیں بھی ہیں جن کو اگر ایک اُمتی صبح وشام تلاوت کرے تو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہ سکتا ہے مثلاً جادو، شرِ جنات، جانی نقصان، مالی نقصان اور جسمانی بیماریاں شامل ہیں۔

مگر بہت سے لوگوں نے ان نبوی تحفوں کی قدر نہ کی شاید اس لیے کہ وہ مفت میں مل گئے ہیں اور ان کے بدلے میں نبی رحمت ﷺ نے اپنی اُمت سے کوئی بدلہ یا چیز نہیں مانگی، اس کے برعکس کئی لوگ شیطانی عاملوں اور نجومیوں کے پاس جا کر اُوٹ پٹانگ منتر سیکھتے ہیں اور ان کو حاصل کرنے کیلئے بڑی رقمیں خرچ کرتے ہیں اور فائدہ سے زیادہ اپنا نقصان کرتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم باعمل مستند علماء اہلسنّت سے رہنمائی حاصل کریں اور حضور ﷺ کی سکھائی ہوئی دُعائیں پڑھیں۔اس کتابچے میں بہت سی ایسی دعائیں جمع کر دی گئی ہیں جن کو اگر ایک اُمتی دل کی حضوری کے ساتھ پڑھ لے تو اس کو کسی جادوگر یا شیطانی عامل کے پاس جانے کی بالکل ضرورت نہیں۔


برائے رابطہ:

کھاریاں 0307-8489912
لاہور 0321-7428444
لاہور 0300-8860725
خانپور 0331-6926692

YouTube Tareeqah Muhammadiyah
Facebook Ahmad Dabbagh
Zawiyah.org



# زاوية الطريقة المحمدية

گاؤں حقیقہ۔ تحصیل وڈاکخانہ کھاریاں۔ ضلع گجرات

MUHAMMADIYAH PUBLICATIONS